https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/
dailybalochistanobserver@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ
بلوچستان آبزرور
چیف ایڈیٹر نثار احمد
جلد 19 | بدھ 26 اگست 2026ء | 12 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 138

شفافیت اور میرٹ پر مبنی بھرتیاں نوجوانوں کا سیاسی اداروں پر اعتماد بحال کرنے کا موثر ذریعہ ہیں، سرفراز بگٹی

محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کی حالیہ تعیناتی اسی پالیسی کا عملی تسلسل ہے

بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نومنتخب افسران میں تقرری کے لیٹرز تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے محنت، لگن، دیانت داری اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کے معاشی مستقبل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے، جس کے باعث عام بلوچستانی کی فلاح و بہبود کیلئے محدود وسائل دستیاب رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نومنتخب افسران کو تقرر نامہ دے رہے ہیں

فیلڈ مارشل کے دورے میں اہم سفارتی کامیابیاں

ایران نے آرمی چیف عاصم منیر کا دورہ ایران انتہائی مثبت قرار دیدیا

تہران (این این آئی) ایران نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران انتہائی مثبت قرار دے دیا۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان کے دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا کہ فیلڈ (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

روس، یوکرین سفارت کاری کی طرف واپس آئیں، پاکستان

نیویارک (این این آئی) پاکستان نیا قوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ میں شہریوں (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

ایرانی حکومت نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورے کو نتیجہ خیز اور سودمند قرار دیدیا

دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مزید مضبوط بنانے اور باہمی تعاون کو وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا، ایرانی وزیر داخلہ

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے پاکستان کے اعلیٰ حکام کے حالیہ دورہ ایران اور ایرانی قیادت کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں کو مثبت اور تعمیری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مزید مضبوط بنانے اور باہمی تعاون (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ سے امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر کی ملاقات، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی سے پاکستان میں متعین امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

صدر اور وزیر اعظم کی پوری قوم اور عالم اسلام کو نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پر مبارکباد

شخصی اور سماجی کردار سازی میں سیرت نبوی ﷺ کے پیغام کا اہم ستون ہے، صدر مملکت

نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ انسانوں کے مابین باہمی احترام اور خیر سگالی کے جذبات کو فروغ دیا جائے

صدر اور وزیر اعظم کی پوری قوم اور عالم اسلام کو نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے پوری قوم اور عالم اسلام کو نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی اس عظیم نعمت کی یاد تازہ کرتا ہے جس کے ذریعے انسانیت کو ایمان، ہدایت، عدل، رحمت اور اخلاق حسنہ کا کامل راستہ عطا ہوا، حضور ﷺ کی ذات مطہرہ نے ایمان، علم، اخلاق اور عدل (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

پاکستان سعودی عرب کیساتھ تعلقات سٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے

شہباز شریف

دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ تعاون، خواہ حکومت سے حکومت (جی ٹو جی) ہو یا کاروبار سے کاروبار (بی ٹو بی) کیلئے یہ بہترین اور موزوں ترین وقت ہے۔ شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے پرتپاک استقبال پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا

وزیر اعظم کا ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے سعودی عرب کی دلچسپی کا خیر مقدم، دونوں ممالک کے درمیان جی ٹو جی اور بی ٹو بی مشترکہ تعاون کیلئے یہ بہترین اور موزوں ترین وقت ہے، شہباز شریف کی وفد سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے سعودی عرب کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان جی ٹو جی اور بی ٹو بی مشترکہ تعاون کیلئے یہ بہترین اور موزوں ترین وقت ہے، پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو باہمی مفاد پر مبنی سٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سعودی پاک مشترکہ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے سعودی کاروباری وفد نے منگل کو یہاں وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد و وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کیلئے اپنی (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیر اعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے اعلیٰ سطحی تجارتی وفد کے سربراہ پرنس منصور بن محمد السعود ملاقات کر رہے ہیں

شہباز شریف 31 اگست کو کرغزستان کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف 31 اگست کو کرغزستان کے شہر بشکیک کے تین روزہ دورے پر جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم 31 اگست اور یکم ستمبر کو شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کے سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا عید میلاد النبیؐ کے بابرکت موقع پر پوری قوم اور بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد

حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود، امن و امان، تعلیم، صحت اور معاشی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر پوری قوم اور بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کیلئے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے محبت، اخوت، برداشت، عدل، مساوات، رواداری اور انسانیت (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت سٹریٹجک پٹرولیم ذخائر کی فیزیبلٹی سٹڈی کا کک آف اجلاس

بین الاقوامی توانائی کنسلٹنسی میسرز ووڈ میک کینزی نے ایس پی آر کی فیزیبلٹی سٹڈی کا ٹینڈر جیت لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت سٹریٹجک پٹرولیم ذخائر (ایس پی آر) کی فیزیبلٹی سٹڈی کا کک آف اجلاس منعقد ہوا جس میں بین الاقوامی توانائی کنسلٹنسی میسرز ووڈ میک کینزی نے پاکستان میں سٹریٹجک پٹرولیم ذخائر کی فیزیبلٹی سٹڈی کا ٹینڈر جیت لیا۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق سٹریٹجک پٹرولیم ذخائر کی فیزیبلٹی سٹڈی کیلئے ووڈ میک کینزی کا انتخاب مسابقتی ٹینڈر کے ذریعے کیا گیا جس میں چار (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

پاکستان بیلاروس کے درمیان سائنسی و تکنیکی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

رعی مصنوعات کیلئے مارکیٹ تک رسائی کے سلسلے میں بھی پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تعاون جاری ہے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور اقتصادی روابط کو مزید فروغ ملے گا

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی و تحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے گا، وفاقی وزیر خالد مگسی کی سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی و تحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے گا، دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفراسٹرکچر اور حلال سرٹیفکیشن سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں تعینات بیلاروس کے سفیر آندرے میٹیلیتسا سے (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کی عالمی میڈیا پر بھرپور کوریج

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کا بنیادی مقصد واشنگٹن اور تہران کے درمیان تعطل کے شکار مذاکرات کو دوبارہ پٹری پر لانا تھا، امریکی جریدہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی جریدے بلومبرگ نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کا بنیادی مقصد واشنگٹن اور تہران کے درمیان تعطل کے شکار مذاکرات (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

چینی صدر نے فلسطین کا مسئلہ حل کرنے کیلئے 4 اصول بتا دیئے

بیجنگ (این این آئی) چینی صدر شی جن پنگ نے فلسطین کا مسئلہ حل کرنے کیلئے 4 اصول بتا دیے۔ چینی صدر نے کہا کہ فلسطین کا مسئلہ حل کرنے کیلئے 4 اصول (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

پاک-امریکا اقتصادی شراکت داری میں نئی پیشرفت، سرمایہ کاری کے نئے امکانات

امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے ایس آئی ایف سی کا دورہ کیا جہاں اقتصادی و سرمایہ کاری تعاون پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت (ایس آئی ایف سی) نے کہا ہے کہ ادارے کی سہولت کاری سے پاکستان اور امریکا کے درمیان اقتصادی و سرمایہ کاری تعاون کے فروغ کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے ایس آئی ایف سی کا دورہ کیا، جہاں پاک-امریکا اقتصادی و سرمایہ (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

ترسیلات زر وصولی: پاکستانی بینکوں کا سالانہ کروڑوں ڈالر بیرون ملک بھیجنے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں بیرون ملک سے پاکستان آنے والی ترسیلات زر کی وصولی کے نظام سے متعلق اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔

5 ہزار، 1 ہزار روپے کے نوٹ کو تیار کرنے پر 14 روپے لاگت آتی ہے، حکام اسٹیٹ بینک

5 ہزار کا نوٹ 20 سال پہلے بنایا تھا، نیا نوٹ اگلے 20 سال کیلئے ڈیزائن کر رہے ہیں، 10 کا نوٹ ختم کرنے کی تجویز ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیٹ بینک حکام نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ میں بریفنگ کے دوران بتایا کہ 5 ہزار اور 1 ہزار روپے کے نوٹ کو تیار کرنے پر 14 روپے لاگت آتی ہے، 5 ہزار کا نوٹ 20 سال پہلے بنایا تھا اب نیا نوٹ اگلے 20 سال کیلئے ڈیزائن (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

پشین، سرانان میں فائرنگ سے زخمی ہونے والا ایک اور مزدور دم توڑ گیا

جاں بحق مزدوروں کی میتیں فورٹ منرو روانہ کردی گئیں، جہاں پنجاب کی متعلقہ ضلعی انتظامیہ کے حوالے کی جائیں گی

پشین (این این آئی) پشین کے علاقے سرانان میں فائرنگ سے زخمی ہونے والا ایک اور مزدور دم توڑ گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق پشین میں فائرنگ سے جاں بحق مزدوروں کی تعداد 6 ہوگئی ہے۔ جاں بحق مزدوروں کی میتیں فورٹ منرو روانہ کردی گئیں، جہاں پنجاب کی متعلقہ ضلعی انتظامیہ کے حوالے کی جائیں گی۔ پولیس کے مطابق سرانان میں گذشتہ روز مسلح (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو التوا میں رکھتا ہے، حسن اقبال

جنوبی ایشیا پہلے ہی جنگوں کی تاریخ رکھتا ہے اور اب خطے کو ترقی، غربت کے خاتمے، بیماریوں پر قابو پانے اور اپنی بڑی نوجوان آبادی کو تعلیم دینے پر توجہ دینی چاہیے

بھارت اب پاکستان کو فصلوں کی ضرورت کے وقت پانی روک سکتا ہے اور ایسے وقت میں پانی چھوڑ سکتا ہے جب اس کی ضرورت نہ ہو، وفاقی وزیر

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ بھارت نے یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو التوا میں رکھا ہے جو جدید تاریخ میں پانی کو ہتھیار بنانے کی پہلی مثال ہے اور پاکستان کیلئے ایک سنگین نئے سکیورٹی چیلنج کو (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی بھرتی خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کی گئی، شاہد رند

حکومت بلوچستان نے سرکاری ملازمتوں میں شفافیت، میرٹ اور مساوی مواقع کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے ہیں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی بھرتی خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے، معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے سرکاری ملازمتوں میں شفافیت، میرٹ اور مساوی مواقع کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے ہیں، بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی بھرتی خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے اور اس عمل میں کسی قسم کی سفارش یا دباؤ کو قبول نہیں کیا گیا ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے روز اول سے واضح کر رکھا ہے کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور نوجوانوں کو ان کا حق صرف میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔ اسی (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

امیر حمزہ زہری سے غلام رسول عمرانی، ام کلثوم بلوچ کی الگ الگ ملاقات

بلوچستان کی ترقی اور عوامی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی ام کلثوم بلوچ اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران سیاسی و علاقائی امور، موجودہ صورتحال اور محکمہ بلدیات کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

حکومت عوام کو بہتر سفری و بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، سلیم کھوسہ

حکومت صوبے کی ترقی اور عوام کو بہتر سفری و بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

ترقیاتی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل ہوں اور عوام کو ان کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہو سکیں، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کی زیر صدارت صوبے میں جاری وفاقی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

اقتدار بذاتِ خود مقصد نہیں، اقتدار کا مقصد عدل و انصاف کا نفاذ ہونا چاہیے، مولانا فضل الرحمٰن

قوم، سیاسی جماعتوں اور مذہبی جماعتوں کو تقسیم کرنے کی پالیسی ملکی مفاد میں نہیں

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ اقتدار بذاتِ خود مقصد نہیں، اقتدار کا مقصد عدل و انصاف کا نفاذ ہونا چاہیے، قوم، سیاسی جماعتوں اور مذہبی جماعتوں کو تقسیم کرنے کی پالیسی ملکی مفاد میں نہیں، صوبوں کو توڑنے کی بجائے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

امریکا کا نیا اور انتہائی طویل فاصلے تک فضا سے فضا میں مار کرنیوالا میزائل ایم 424 میلیس منظرِ عام پر آ گیا

ایم 424 میلیس لانگ رینج ایئر ٹو ایئر میزائل جو پہلے ہی آزمائش کے مراحل سے گزر رہا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کا نیا اور انتہائی طویل فاصلے تک فضا سے فضا میں مار کرنیوالا میزائل ایم 424 میلیس منظرِ عام پر آ گیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

عدالتی انکوائری کمیشن نے معلومات و شہادتیں جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

مقررہ آخری تاریخ، یعنی 28.08.2026 کو دفتری اوقات کے دوران، بڑھا کر 03.09.2026 دفتری اوقات تک کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ضلع زیارت میں منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر دہشت گرد حملے اور پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے المناک نقصان کے حوالے سے عدالتی انکوائری مندرجہ بالا (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

انسداد دہشت گردی عدالت میں ہنگامہ آرائی، علیمہ خان کی بے نامی جائیدادوں سے متعلق سوال پر تلخ کلامی

جرح کے دوران علیمہ خان کی بے نامی جائیدادوں سے متعلق سوال پر ہنگامہ ہوگیا، جس پر عدالت برہم ہوگئی، سماعت ملتوی

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت میں علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کی سماعت کے دوران علیمہ خان کے گواہ فتح (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے صوبائی مشیر لیبر اینڈ مین پاور بابا غلام رسول عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

ملک میں زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کرنا ناگزیر

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کسانوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی، زیتون کی کاشت سے ملک کو خوردنی تیل کی پیداوار میں خود کفیل کر کے قیمتی زرمبادلہ بچا سکتے ہیں، پاکستان کے 100 زرعی گریجویٹس کو زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کرنے کیلئے اٹلی بھجوائیں گے۔ کسانوں اور ماہرین کی شب و روز محنت سے زیتون کے شعبے میں شاندار مثال قائم ہوئی ہے۔ وہ زیتون کی کاشت کے فروغ کے لئے صوبائی حکومتوں کے تعاون پر مشکور ہیں۔ کسانوں نے ثابت کیا کہ عزم، محنت اور جدید سوچ کے ذریعے بڑے نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ زرعی انقلاب کے لئے کسانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کریں گے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر کسانوں کو سہولتیں فراہم کریں گی، ملک میں زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔ پاکستان ہر سال تقریبا 4 ارب ڈالر کا خوردنی تیل درآمد کرتا ہے، درآمدی بل میں سالانہ صرف 400 ملین ڈالر کی بھی کمی لائی جائے تو یہ بڑی خدمت ہوگی۔ درآمدی بل میں کمی کے لئے انہوں نے پام آئل اور سورج مکھی کی کاشت کو فروغ دینے کی بھی ہدایت کی ہے۔ پاکستان اور اٹلی کے درمیان تجارتی تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں، زراعت، ٹریکٹر مینوفیکچرنگ اور دیگر شعبوں میں دونوں ممالک کا تعاون قابل ذکر ہے۔ پاکستان اور اٹلی زیتون کی پیداوار، ویلیو ایڈیشن، جدید پروسیسنگ اور برآمدات کے شعبے میں تعاون مزید بڑھائیں گے۔ یہ نوجوان زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کریں گے۔ قبل ازیں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے زیتون کے کاشتکاروں، اس شعبے کے تحقیقین اور ماہرین میں شیلڈز تقسیم کیں۔ انہوں نے مختلف سٹالز کا دورہ بھی کیا اور زیتون کی مختلف مصنوعات میں خصوصی دلچسپی لی۔ انہوں نے زیتون کے کاشتکاروں سے گفتگو بھی کی۔ ملک بھر سے زیتون پیدا کرنے والے انٹرپرینیورز نے وزیر اعظم کو بریفنگ دی اور اپنے تجربات بیان کیے۔ کسانوں کو اعلی معیار اور بیماریوں سے پاک بیج فراہم کریں گے، ٹیکنالوجی کے استعمال سے فصلوں کے ممکنہ نقصانات کی بروقت نشاندہی اور تدارک ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زیتون صرف ایک فصل نہیں اس میں کاروباری مواقع پیدا کرنے والی مکمل ویلیو چین ہے۔ جدید تحقیق، ٹیکنالوجی، تربیت اور عالمی معیار کی سرٹیفکیشن سے فائدہ اٹھائیں گے، زیتون کے شعبے میں پاکستان اور اٹلی کا تعاون مشترکہ منصوبوں تک بڑھایا جائے گا۔ سیکرٹری قومی غذائی تحفظ و تحقیق عامر علی احمد نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل اولیو ویلیو چین پالیسی کا اجرا خوش آئند ہے، پاکستان جلد جنوبی، مشرقی اور وسطی ایشیا کی منڈیوں میں زیتون کا تیل برآمد کرے گا۔ ہمیں روایتی زرعی نظام سے آگے بڑھ کر فیصلے کرنا ہوں گے، زیتون کی پیداوار، پراسیسنگ، ویلیو ایڈیشن، معیار، برانڈنگ اور مارکیٹنگ کے نظام پر کام کریں گے۔

تعلیمات نبیؐ کی روشنی میں امت واحدہ کا تصور

نبی پاکؐ کی محبت ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی جزو ہے۔ یہ ذات رسول پاکؐ ہی ہے جو مسلمانوں کے اتحاد کی علامت تصور کی جاتی ہے۔ نبی محترمؐ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا ہی دنیا اور آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے۔ موجودہ دور پُر فتن میں جب عصبیت کا جن امت کا شیرازہ بکھیرنے کی ناکام کوششیں کر رہا ہے؛ اسوہ رسولؐ پر عمل پیرا ہونا پہلے سے بھی زیادہ ضروری ہو چکا ہے۔ اللہ اور اس کے آخری رسولؐ نے جس بات سے سختی سے منع فرمایا ہے وہ ہے امت واحدہ کو چھوڑ کر عصبیت کا شکار ہونا۔ موجودہ دور میں امت مسلمہ نے اسی عصبیت کو اپنا فخر سمجھ کر، احکامات الٰہی اور احکامات رسولؐ سے روگردانی کرنا اپنا شعار بنا لیا ہے۔ امت کو تو یہ تعلیم دی گئی ہے کہ کسی گورے کو کسی کالے پر، یا کسی عربی کو کسی عجمی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں، بلکہ فوقیت کا اصل دارومدار صرف تقویٰ پر ہے۔ اس کے باوجود امت مسلمہ قوم، قبیلوں اور شخصیات کو فوقیت کا معیار بنا کر اپنی تباہی کا اپنے ہاتھوں انتظام کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ امت ان وجوہات کی بناء پر اپنا شیرازہ بکھرتا دیکھ کر بھی ہوش کے ناخن لینے کو تیار نہیں ہے۔

یہ ایک ایسا عمل ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کئی جگہ سختی سے منع فرمایا ہے۔ واضح الفاظ میں یہ فرما دیا گیا ہے، کہ یہ صرف تمہاری پہچان کے لئے ہیں۔ ان کو اپنے لئے عزت مت سمجھو۔ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہیں، ترجمہ۔ "اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری قومیں اور قبیلے بنا دیے تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو۔ اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔" (سورۃ الحجرات، آیت:13)

قرآن میں اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو مزید آگاہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ترجمہ "جب کافروں نے اپنے دلوں میں حمیت (عصبیت کی غیرت) کو جگہ دی، جو کہ جاہلیت کی حمیت تھی"... (سورۃ الفتح، آیت:26)

پھر مزید ایک جگہ مسلمانوں کو تنبیہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

ترجمہ۔ "اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہنے والے اور اللہ کیلئے گواہی دینے والے بنو، خواہ وہ گواہی تمہاری اپنی ذات کیخلاف ہو یا والدین اور قریبی رشتہ داروں کیخلاف ہی کیوں نہ ہو"... (سورۃ النساء، آیت:135)

قرآن میں مزید ایک جگہ یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ترجمہ۔ "اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر نہ ابھارے کہ تم انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کرو، یہی تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے۔" (سورۃ المائدہ، آیت:8)

قرآن کی ان تعلیمات کا عملی ثبوت نبی پاک نے اپنی سیرت مبارکہ سے تمام مسلمانوں کو سکھایا، وہ انسانیت کا درس دیتے رہے؛ کبھی کسی انسان کو حقیر تصور نہیں کرتے۔ بنا رنگ و نسل سب کو ایک سا درجہ دیا کرتے۔ وہ صرف امت کیلئے نہیں تمام جہانوں کیلئے سراپا رحمت ہیں۔ تمام جہانوں کیلئے اس رحمت ذاتؐ کے ماننے والے دوسروں کا تو ذکر ہی کیا، آپس میں بھی کینہ، بغض اور عداوت رکھنے میں پیش پیش ہیں۔ کیا حضورؐ کے فرمودات سے روگردانی کرنے کے بعد ہم امتی ہونے کا دعویٰ کر سکتے ہیں؟

امت مسلمہ جس کو ہادی برحقؐ نے ہمیشہ امت واحدہ رہنے کی تعلیمات دی ہیں۔

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا:

ترجمہ: "وہ شخص ہم میں سے نہیں جو عصبیت (قومی یا قبائلی تعصب) کی طرف بلائے، اور وہ ہم میں سے نہیں جو عصبیت کی بنیاد پر لڑے، اور وہ بھی ہم میں سے نہیں جو عصبیت پر مرے۔"

حوالہ کتب: سنن ابی داود، حدیث نمبر: 5121

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:

ترجمہ: "عصبیت یہ ہے کہ تم ظلم کے کاموں میں اپنی قوم کی مدد کرو۔"

حوالہ کتب: سنن ابی داود، حدیث نمبر: 5119

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا:

ترجمہ: "اور جو شخص کسی اندھے (بے مقصد) پرچم تلے لڑا، جو عصبیت (قوم پرستی) کی خاطر غصے میں آتا ہے، یا عصبیت کی طرف بلاتا ہے، یا عصبیت کی مدد کرتا ہے اور وہ مارا جائے تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہے۔"

حوالہ کتب: صحیح مسلم، حدیث نمبر: 1848

رسول اللہؐ نے انصار اور مہاجرین کے درمیان ایک واقعے پر (جب ایک شخص نے مدد کیلئے اپنے قبیلے کو پکارا) ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا:

ترجمہ: "اس (عصبیت اور جاہلانہ پکار) کو چھوڑ دو، کیونکہ یہ نہایت بدبودار ہے۔"

حوالہ کتب: صحیح البخاری، حدیث نمبر: 4905 / صحیح مسلم

موجودہ دور میں مسلمانوں کے مشکل حالات کی بڑی وجہ اس اتحاد کو پارہ پارہ کرنا ہے؛ جس کی بنیاد پر مسلم امہ بھی طاقت کا سرچشمہ ہوا کرتی تھی۔ اغیار کیلئے ضرور یہ ایک خوشی کی بات ہے، کہ مسلمان آپس میں یوں ہی دست و گریباں رہیں۔ یوں ہی عصبیت کے شکنجے میں جکڑے رہیں۔ ایک دوسرے کے درمیان تفرقہ کی دیوار اینٹ اینٹ جوڑ کر اونچی سے اونچی کرتے رہیں۔ وہ فیصلے جو روز قیامت اللہ تعالیٰ نے کرنے ہیں زمین پر اپنے تئیں خود کو اعلیٰ سمجھتے ہوئے یوں کریں، کہ چار سو نفرت کی فصل بوتے جائیں۔ کیا ان حرکات سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی ناراضگی مول نہیں لی جا رہی؟

ہم ہر سال ربیع الاول میں رسول کریمؐ کی شان بیان کرتے ہیں۔ سارا سال حب رسولؐ کا دعویٰ کرتے ہیں، لیکن کیا ہمارے اعمال ہمارے ان دعوؤں کی سچائی کا مظہر ہیں؟ کیا ہم واقعی رسولؐ کے فرامین کی پاسداری کرنے کا فریضہ نیک نیتی سے انجام دے رہے ہیں؟ نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کاشغر کیا ہم ایک امت ہونے کا دعویٰ کر سکتے ہیں؟ ہم رنگ و نسل کی تفریق سے خود کو ماوراء قرار دے سکتے ہیں؟ جہاں عصبیت کے نام پر اپنے ہی مسلمان بھائی کا گلا بلا خوف و خطر کاٹ دیا جائے وہاں پر ہم اللہ تعالیٰ کی رحمت کا تصور کر سکتے ہیں؟

ہمیں مل کر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ سے یہ عہد کرنا ہوگا کہ زمانہ جاہلیت کی یہ عصبیت پرستی اپنے دلوں سے نکال پھینکیں گے۔

ایک مسلم قوم بن کر احکامات الٰہی کی پیروی اپنا شعار بنائیں گے۔ ان پر عمل کرنے کے بعد ہی ہم نبی آخرؐ سے اپنی محبت کا دعویٰ کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔

منفعت ایک ہے اس قوم کی، نقصان بھی ایک
ایک ہی سب کا نبی، دین بھی، ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک
کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک!

علامہ محمد اقبال

عید میلاد النبیؐ: رحمت، اخلاق اور انسانیت کا پیغام

عید میلاد النبیؐ مسلمانوں کیلئے صرف خوشی اور عقیدت کا دن نہیں، بلکہ یہ دن اپنے اندر ایک ایسا عظیم پیغام لیے ہوئے ہے، جو انسان کی ذات سے لے کر پورے معاشرے کی تعمیر تک پھیلا ہوا ہے۔

حضرت محمدؐ کی ولادتِ باسعادت انسانیت کی تاریخ کا وہ روشن باب ہے، جس نے دنیا کو زندگی گزارنے کا ایسا مکمل نمونہ عطا کیا، جس میں عبادت کے ساتھ اخلاق، انصاف کے ساتھ رحم، حق کے ساتھ ذمہ داری اور طاقت کے ساتھ انسانیت کا درس موجود ہے۔ اس لیے اگر ہم عید میلاد النبیؐ کو حقیقی معنوں میں سمجھنا چاہتے ہیں تو ہمیں اسے صرف محفلوں، جھنڈوں، روشنیوں اور نعروں تک محدود نہیں کرنا چاہیے، بلکہ خود سے یہ سوال بھی کرنا چاہیے کہ نبی کریمؐ کی تعلیمات نے ہمارے کردار اور روزمرہ زندگی میں کتنی جگہ بنائی ہے۔ نبی پاکؐ کی پوری زندگی انسانیت کیلئے ایک عملی نمونہ ہے۔ قرآن پاک خود رسول اللہؐ کو ''رحمت للعالمین'' قرار دیتا ہے۔ یہ رحمت صرف مسلمانوں تک محدود نہیں تھی، بلکہ انسانوں، جانوروں اور پوری مخلوق تک پھیلی ہوئی تھی۔ آپؐ نے یتیموں سے شفقت کی، مسکینوں کی مدد کی، غلاموں کے ساتھ انسانوں جیسا برتاؤ کرنے کی تعلیم دی، پڑوسی کے حق کو اہمیت دی اور دشمنوں کے ساتھ بھی ایسا حسنِ اخلاق اختیار کیا، جس نے دلوں کو فتح کیا۔ آپؐ کی عظمت کا سب سے بڑا راز یہ تھا کہ آپؐ نے لوگوں کو الفاظ سے زیادہ اپنے عمل کے ذریعے متاثر کیا۔ آج ہمارے معاشرے کو بھی ایسے ہی عملی اخلاق کی ضرورت ہے، جہاں انسان کی پہچان اس کے لباس، عہدے، دولت یا طاقت سے نہیں، بلکہ اس کے کردار سے ہو۔

عید میلاد النبیؐ ہمیں سچائی کا سبق بھی دیتی ہے۔ نبوت سے پہلے ہی حضرت محمدؐ کو ''الصادق'' اور ''الامین'' کہا جاتا تھا۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ جس معاشرے میں امانت، سچائی اور وعدے کی پاسداری کسی انسان کی پہچان بن جائے، وہ معاشرہ کتنا مضبوط ہو سکتا ہے۔ آج ہمارے معاشرے کا ایک بڑا مسئلہ اعتماد کی کمی ہے۔ کاروبار میں دھوکا، روزمرہ

زندگی میں جھوٹ، وعدوں کی خلاف ورزی، سرکاری معاملات میں بددیانتی اور ذاتی مفادات کیلئے اصولوں کو نظرانداز کرنا عام ہوتا جا رہا ہے۔ اگر ہم واقعی رسول اللہؐ سے محبت کے دعویدار ہیں تو ہمیں اپنی زبان، وعدوں، کاروبار اور ذمہ داریوں میں سچائی پیدا کرنی ہوگی۔

رسول اللہؐ نے انصاف کو بھی انسانی معاشرے کی بنیاد بنایا۔ اسلام میں انصاف کا تصور اتنا وسیع ہے کہ انسان کو اپنی پسند یا ناپسند سے بالاتر ہو کر حق کا ساتھ دینے کی تعلیم دی گئی ہے۔ نبی کریمؐ کی مدنی ریاست میں قانون کی نظر میں انسانوں کی عزت اور حقوق کو اہمیت حاصل تھی۔ آج ہمارے معاشرے میں بہت سے مسائل اس لیے پیدا ہوتے ہیں کہ ہم نے انصاف کو اصول کے بجائے ذاتی مفاد سے جوڑ دیا ہے۔ طاقتور کیلئے ایک قانون اور کمزور کیلئے دوسرا قانون کسی بھی معاشرے کو مضبوط نہیں کر سکتا۔ عید میلاد النبیؐ کا پیغام ہمیں یاد دلاتا ہے کہ انصاف سب کیلئے برابر ہونا چاہیے، جس سے معاشرہ مضبوط ہوگا۔

آپؐ نے خواتین کی عزت اور حقوق کے بارے میں بھی ایسے اصول عطا فرمائے، جو اس دور کے معاشرے کیلئے ایک بڑا انقلاب تھے۔ بیٹی کو رحمت قرار دینا، عورت کو عزت دینا، ماں کے مقام کو بلند کرنا اور خاندان کی ذمہ داریوں کو واضح کرنا نبی پاکؐ کی تعلیمات کا اہم حصہ ہے۔ آج اگر ہم اپنے گھروں میں خواتین، بیٹیوں اور بچوں کے ساتھ عزت، شفقت اور انصاف کا برتاؤ نہیں کرتے تو صرف میلاد کی محفلیں ہمارے کردار کو مکمل نہیں بنا سکتیں۔ رسول اللہؐ کی سیرت کا اصل اثر اس وقت ظاہر ہوگا، جب ہمارا گھر بھی اخلاق اور محبت کا مرکز بنے۔

نبی کریمؐ نے تعلیم کو بھی بہت اہمیت دی۔ جہالت کی تاریکی میں علم کی روشنی پھیلانا آپؐ کے مشن کا اہم حصہ تھا۔ علم انسان کو صرف روزگار نہیں دیتا، بلکہ سوچنے، سمجھنے اور صحیح اور غلط میں فرق کرنے کی صلاحیت بھی عطا کرتا ہے۔ آج ہماری نوجوان نسل کو علم کے ساتھ اخلاق، برداشت، تحقیق اور ذمہ داری کی تربیت کی بھی ضرورت ہے۔ اگر اسکول اور یونیورسٹیاں صرف ڈگریاں دیں، لیکن کردار نہ بنائیں تو معاشرہ ترقی کے باوجود اندر سے کمزور رہے گا۔ سیرت النبیؐ سے ہمیں علم اور کردار کی مشترکہ اہمیت کا سبق ملتا ہے۔

ہمارے موجودہ معاشرے میں عدم برداشت، نفرت، فرقہ واریت اور ایک دوسرے کو کمتر سمجھنے کے رویے بڑھ رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر اختلافِ رائے اکثر دشمنی میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ ہم معمولی سی بات پر ایک دوسرے کو گالیاں دینے، الزام لگانے اور کردار کشی کرنے لگتے ہیں۔ جبکہ رسول اللہؐ کا طریقہ نرم گفتگو، حکمت، صبر اور برداشت کا ہے۔ اختلاف انسانوں کی فطرت میں شامل ہے، اختلاف کو دشمنی کے بجائے صبر، برداشت اور حکمت سے برداشت کرنا چاہیے، تاکہ دوسرے کی دل آزاری بھی نہ ہو۔ اگر میلاد النبیؐ ہمیں برداشت، محبت اور حسنِ اخلاق سکھا دے تو یہ میلاد ہماری زندگی میں حقیقی تبدیلی لا سکتا ہے۔

عید میلاد النبیؐ کا سب سے بڑا تقاضا یہ ہے کہ ہم خود کو سیرتِ رسولؐ کے آئینے میں دیکھیں۔ ہماری نماز، روزہ، ذکر اور عبادت اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن ان عبادات کا اثر ہمارے اخلاق میں بھی نظر آنا چاہیے۔ اگر زبان پر درود ہو لیکن دل میں نفرت ہو، اگر میلاد کی محفل میں محبت کی باتیں کی جائیں لیکن گھر سے باہر انسانوں کے ساتھ ظلم کیا جائے تو ہمیں اپنے عمل پر غور کرنا چاہیے۔ نبی پاکؐ سے محبت کا بہترین ثبوت یہ ہے کہ ہم ہر انسان کے ساتھ محبت، عزت اور احترام کا رویہ اختیار کریں۔

آج جب دنیا جنگوں، معاشی ناانصافیوں، نفرتوں، غربت، ذہنی پریشانیوں اور سماجی انتشار کا سامنا کر رہی ہے، تو سیرت النبیؐ کا پیغام پہلے سے زیادہ اہم ہو گیا ہے۔ دنیا کو ایسی انسانیت کی ضرورت ہے جو طاقت سے زیادہ رحم کو، نفرت سے زیادہ محبت کو اور مفاد سے زیادہ انصاف کو اہمیت دے۔ رسول اللہؐ کی زندگی ہمیں بتاتی ہے کہ ایک انسان اپنے اخلاق، سچائی، صبر اور رحم کے ذریعے تاریخ کا رخ بدل سکتا ہے۔

لہٰذا عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ہمیں صرف اپنے گھروں، گلیوں اور مساجد کو روشن کرنے کے بجائے اپنے دلوں کو بھی روشن کرنا چاہیے۔ ہمیں اپنی زبان میں سچائی، اپنے دل میں رحم، اپنے عمل میں انصاف، اپنے گھر میں محبت اور اپنے معاشرے میں انسانیت پیدا کرنی ہے۔ اگر میلاد کے بعد ہمارا رویہ کسی یتیم کیلئے نرم، کسی غریب کیلئے مددگار، کسی کمزور کیلئے محافظ، کسی اختلاف رکھنے والے کیلئے برداشت والا اور اپنی ذمہ داری میں زیادہ ایماندار ہو جائے تو سمجھنا چاہیے کہ ہم نے عید میلاد النبیؐ کا اصل پیغام سمجھ لیا ہے۔

نبی کریمؐ کی ولادتِ باسعادت کا جشن حقیقت میں اسی وقت بامعنی ہوگا جب ہماری زندگی میں آپؐ کی سیرت کی روشنی نظر آئے، کیونکہ رسول اللہؐ سے محبت کا سب سے خوبصورت اظہار یہی ہے کہ ہم اپنے کردار کو آپؐ کے اخلاق کی خوشبو سے معطر کریں۔

☆☆☆

حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زندگی

تحریر عبدالفتاح عباسی

اللہ رب العالمین کے بے شمار احسانات، مہربانیاں کہ اس نے ہمیں ایسے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ

وسلم کا امتی بنایا۔ جن کیلئے تمام انبیاء، مرسلین امتی بننے کی خواہش کا اظہار کیا اور فخر محسوس کیا اور اس عظیم ہستی کی پیروی میں اپنی مستقل خیر و عافیت سمجھی اور ہمیشہ ڈھیروں درود و سلام بھیج کر اللہ کی خوشنودی حاصل کی۔ درحقیقت دنیا میں ہر جگہ لاتعداد لوگ، پرندے، درخت، پھول اور ہر خشک و گیلی چیز اللہ رب العزت کے پیارے، رؤف رحیم، رحمٰن، سب کچھ جاننے والے، حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حمد و ثنا کے گیت گاتے رہتے ہیں۔ یہ دنیا کی واحد ایسی عظیم اور مقدس ہستی ہے جس کیلئے اگر تمام دنیا کے درخت کے پتے کاغذ بن جائیں اور لکھے جائیں اور تمام دنیا کے سمندروں کی مس چھو لیا جائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و توصیف لکھی جائے تب بھی اس عظیم ہستی کی عظمت و شان کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ اللہ رب العزت نے اس عظیم ہستی کے مقدس و بابرکت وجود میں ان گنت معجزات رکھے ہیں اور اللہ رب العزت نے اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت مبارک سے پہلے اور بعد میں اور پردہ ہٹانے کے بعد ان گنت معجزات ظاہر فرمائے ہیں۔ اس عظمت کے بحر سے ایک چھوٹی سی کوشش کرتے ہوئے علماء، اولیاء، درویشوں، صوفیاء اور اہل اللہ نے اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم منایا ہے۔ یہ بات ثابت ہے کہ اسلامی تاریخ کی سب سے اہم ترین خوشیوں میں سے ایک خوشی دیگر تہواروں کی طرح منائی جاتی ہے۔ 12 ربیع النور کا مطلب ہے 12 ربیع الاول۔ یہ وہ خوشی کی عید ہے جس کی بدولت ہمیں عید الفطر اور عید الاضحیٰ بھی نصیب ہوئی ہے ورنہ نہ خوشی ہوتی اور نہ چھٹی ہوتی اگر ہمارے پیارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں نہ ہوتے تو کیا دنیا کو اللہ رب العالمین کی عطا کردہ ان گنت نعمتیں ملتی؟ اللہ کی سب سے بڑی نعمت یہ ہے کہ ہم کو مومن اور مسلمان ہونی. کی سعادت نصیب ہوئی۔ کلمہ طیبہ کا ورد کرنے کے بعد ہمیں مزید سعادت نصیب ہوئی۔ اس کے بعد ہمیں اپنے پیارے آقا و مولیٰ حضور سراپا نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیاری میٹھے اقوال فرمان نصیب ہوئے، اور ہم جہاں کہیں بھی ہوں، جنگل، بیابان، شہر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کے ان گنت فضائل ہیں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے 10 گناہ معاف فرمائے گا، 10 درجے بلند کروں گا، 10 نامہ اعمال میں نیکیاں لکھی جائیں گی، اور سب سے بڑی مہربانی یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار کی سعادت حاصل ہو جائے، حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔ حضرت سیدنا علی مرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ منورہ کے وہ تاحیات ساتھی ہیں جن کی بدولت دنیا کے کونے کونے میں اسلام کی حقانیت پھیلی ہوئی ہے۔ محمدؐ کی محبت دین حق کی شرط اول ہے، اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے۔ الحمدللہ! ربیع النور شریف کا مہینہ آنے سے ہر طرف بہار آ گئی ہے۔ پیارے نبی مدنی مصطفیٰ رحمت العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے دیوانوں کے قلوب میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ بوڑھا ہو یا جوان، ہر سچا مسلمان اپنے دل کی زبان سے پکارتا نظر آتا ہے، امام اہل السنۃ امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے دل کا اظہار اس طرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''میری روح، دل، دماغ سب مدینہ گئے ہیں،

تم نہیں چلتے رضا، سارا تو سامان گیا۔
دل بھرا ہے تیری یاد سے
تیرے قدموں پر قربان ہو جاوں۔

حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بچپن میں ایک ایسی چیز دیکھی تھی جو آپ کی نبوت پر دلالت کرتی تھی اور میرے مسلمان ہونے پر بہت اثر رکھتی تھی اور وہ یہ تھی کہ میں نے آپ کو چاند سے باتیں کرتے دیکھا، چاند کی جانب انگلی کا اشارہ کرتے کھیلتے رہے۔" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں چاند سے باتیں کرتا تھا، وہ مجھ سے باتیں کرتا تھا اور مجھے رونے سے روکتا تھا اور میں اس کے غروب ہونے کی آواز سنتا تھا جب وہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا تھا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آخری بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا سوموار کے دن جب دروازے سے پردہ کھلا تھا۔ پھر میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف دیکھا آپ کا چہرہ مبارک قرآن مجید کے ایک صفحے کی طرح تھا۔ حدیث پاک میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو بندے اپنے رب کے دربار میں کھڑے کیے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں داخل ہونے کا حکم دے گا، یہ دونوں بندے پوچھیں گے کہ اللہ نے ہمیں کیا جنت کا حقدار بنایا ہے؟ حالانکہ ہم نے کوئی نیک کام نہیں کیا، ہم صرف تیری رحمت سے جنت کی امید کر رہے تھے، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تم جنت میں داخل ہو، اس کیلئے میں اپنے محبوب کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے جس کا نام۔ "محمد" اور احمد رکھا جائے گا اس کو جہنم کی آگ چھو بھی نہیں سکتی ہے۔

ازل سے ابد تک واضح ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہی اللہ کی رضا کا واحد ذریعہ ہے۔ اللہ جس سے راضی ہو جاتا ہے اسے اپنے پیارے شہر مدینہ منورہ کی لامتناہی محبت عطا فرماتا ہے۔ محبت کا یہ پیالہ پانے والے ابدی نعمتوں کے مستحق بن جاتے ہیں۔ اللہ کے محبوب، رب العالمین، رحمت العالمین، نور کائنات کی خوشنودی کے طلب گار صرف وہی لوگ ہوتے ہیں جو اپنے جسم، دماغ اور مال کو قربان کر کے حقیقی زندگی سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور صرف یہی خوش نصیب لوگ ایمان کے کامل درجے تک پہنچنے میں کامیاب ہوتے ہیں۔

حضورِ اکرمؐ۔ معلمِ انسانیت اور مربی عالم

انسان کی حقیقی عظمت اس کے مال، منصب، طاقت یا ظاہری شان و شوکت میں نہیں بلکہ علم، کردار، اخلاق اور انسانیت کی خدمت میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں بے مقصد نہیں بھیجا بلکہ اسے ایک عظیم مقصدِ حیات عطا فرمایا اور اس مقصد کی رہنمائی کیلئے انبیائے کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا۔ تمام انبیائے کرام علیہم السلام اپنی اپنی قوموں کے معلم، مربی اور رہبر تھے مگر اس سلسلہ ہدایت کے آخری

اور سب سے کامل معلم حضرت محمد مصطفیٰؐ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے پوری انسانیت کی تعلیم و تربیت کیلئے مبعوث فرمایا۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتے ہیں: ''بے شک اللہ نے اہل ایمان پر بڑا احسان فرمایا کہ ان ہی میں سے ایک رسول ان کے درمیان بھیجا جو انہیں اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں، انہیں پاکیزہ بناتے ہیں اور انہیں کتاب اور دانائی کی تعلیم دیتے ہیں جبکہ اس سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔'' (سورۃ آل عمران، آیت 164)

اس آیت سے واضح ہوتا ہے کہ رسول اللہؐ کی ذمہ داری صرف اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا نہیں تھی بلکہ آپؐ لوگوں کے معلم بھی تھے اور ان کے کردار و عمل کی اصلاح کرنے والے مربی بھی۔ آپؐ انسانوں کو علم دیتے، ان کے دلوں کو پاک کرتے، ان کے اخلاق سنوارتے اور انہیں زندگی گزارنے کا ایسا راستہ دکھاتے جو دنیا میں بھی کامیابی کا ذریعہ بنتا اور آخرت میں بھی نجات کا سبب بنتا۔ رسول اللہؐ نے خود اپنے منصب کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا: مجھے تعلیم دینے والا بنا کر بھیجا گیا ہے۔ (سنن ابن ماجہ، حدیث 229)

آپؐ کا اندازِ تعلیم انتہائی حکیمانہ، نرم، آسان اور دل نشین تھا۔ آپؐ لوگوں کو ان کی ذہنی استعداد، عمر، حالات اور ضرورت کے مطابق تعلیم دیتے تھے۔ آپؐ کا مقصد صرف یہ نہیں تھا کہ لوگ کچھ باتیں یاد کر لیں بلکہ آپ چاہتے تھے کہ علم ان کے کردار اور عمل میں ظاہر ہو۔ اسی لیے

1

پر مشتمل ایک عملی ومثالی ضابطہ حیات کا پیغام ایزدی عالم انسانیت تک پہنچایا، پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال، پرامن اور فلاحی ریاست بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔ منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے 12 ربیع الاول 1448ھ کے بابرکت موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ اللہ تعالیٰ کا بے انتہا احسان ہے کہ اپنے محبوب نبی آخری الزماں حضرت محمد ﷺ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر مبعوث فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت درحقیقت عالم انسانیت کے ایسے روشن دور کا آغاز تھی جہاں جہالت کی تاریکی سے چھٹکارا اور علم و ہدایت کا اجالا نصیب ہوا، ظلم کا تدارک اور عدل وانصاف کی لازوال داستان رقم ہوئی اور طبقاتی تقسیم کی حوصلہ شکنی کر کے اخوت، مساوات اور بھائی چارے کا فروغ ہوا۔ صدر مملکت نے کہا کہ آپ ﷺ نے اپنے اسوہ حسنہ سے قرآن مجید پر عمل پیرا ہو کر انفرادی اور اجتماعی فلاح اور نجات کے حصول کا وہ انقلاب برپا کیا جس کی نظیر نہیں ملتی۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ آپ ﷺ نے ثابت کیا کہ ایک صالح معاشرے کا حصول اعلیٰ فطری اقدار، عدل، رحم، احساس ذمہ داری کو اختیار کرنے اور ارشاد باری تعالیٰ پر عمل کرتے ہوئے تقویٰ و پرہیزگاری کا مظاہرہ کرنے سے عمل میں آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ انسانوں کے مابین باہمی احترام اور خیر سگالی کے جذبات کو فروغ دیا جائے، آپ ﷺ نے معاشرے میں کمزور و محروم، یتیم و مسکین اور ضرورت مند افراد کے حقوق کی حفاظت فرمائی اور آپس میں حسن سلوک و بھائی چارے کی تعلیم دی۔ صدر نے کہا کہ 12 ربیع الاول کا تقاضا ہے کہ ہم عشق رسول ﷺ کا اظہار نبی کریم ﷺ کی سیرت وسنت مبارکہ کو اپنے انفرادی و اجتماعی اعمال میں اپنا کر بنی نوع انسان کے لئے مثال بنیں۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت امت محمدی ﷺ ہم پر لازم ہے کہ اپنے معاشرے میں عدل وانصاف، برداشت، بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی اور انسانی وقار کے تحفظ کا عملی مظاہرہ کریں۔ صدر مملکت نے کہا کہ نوجوان نسل کو سیرت طیبہ سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے علم، بلند کردار، محنت اور خدمتِ انسانیت کو اپنی زندگی کا مقصد بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میں اس پر مسرت اور بابرکت موقع پر امت مسلمہ بالخصوص پاکستان کے عوام کیلئے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں رسول کریم ﷺ کی سچی محبت، آپ ﷺ کی اتباع اور آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے، ہمارے وطن کو امن، استحکام اور خوشحالی سے ہمکنار کرے اور پوری انسانیت کیلئے خیر وسلامتی کا ذریعہ بنائے۔ دریں اثناء 12 ربیع الاول 1448ھ کی مناسبت سے اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ 12 ربیع الاول 1448ھ کے بابرکت دن پر پاکستان اور پوری دنیا میں مقیم امت مسلمہ کو سید الانبیا خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پر دلی مبارکباد اور اظہار عقیدت پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ حضور ﷺ کی ذات مطہرہ نے ایمان، علم، اخلاق اور عدل پر مشتمل ایک عملی ومثالی ضابطہ حیات کا پیغام ایزدی عالم انسانیت تک پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال قومی سطح پر ہم اس مبارک دن کو نسل نو کا تحفظ، تعمیر اور کردار سیرت النبی کی روشنی میں کے زیر عنوان منا رہے ہیں۔ نوجوان نسل کی بہترین کردار سازی کیلئے ہمیں سچائی، دیانت، محنت، نظم وضبط، قانون کی پاسداری اور احساس ذمہ داری جیسے اسلامی شعاران کی تربیت میں شامل کرنا ہوں گے تاکہ وہ سیرت رسول ﷺ کی روشنی سے منور اور علم و تحقیق، محنت وخدمت کے جذبات سے سرشار ہو کر ملک و قوم کی ترقی میں موثر کردار ادا کرسکیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی بعثت نے انسانی معاشرے کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ایک نئی سمت سے متعارف کروایا۔ آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ میں توحید، تقویٰ اور اخلاقی پاکیزگی جیسی اقدار کے ذریعے دائمی اصلاح کی بنیاد رکھی اور مدینہ منورہ میں عملی طور پر عدل و مساوات، قانون کی بالادستی، انسانی حقوق و فرائض سے آگاہ اسلامی معاشرہ قائم کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسوہ حسنہ ﷺ تمام مسلمانوں کی دینی ودنیاوی اصلاح وفلاح اور مثالی کامیابی کیلئے مشعل راہ ہے۔ یقیناً رسول اللہ ﷺ کی ذات مبارک دین اسلام کی تعلیمات کا بہترین نمونہ ہے جس کی گواہی قرآن پاک میں موجود ہے۔ سیرت النبی ﷺ بنی نوع انسان کے لئے صدیوں سے ہر دور کے بدلتے تقاضوں کے باوجود کامل رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے انسانی شعور کو اوج کمال بخشا اور انسانوں کی ذہنی واخلاقی نشوونما اور انفرادی و اجتماعی زندگیوں کی ہدایت یافتہ راہ متعین کی۔ تخصیصی اور سماجی کردار سازی سیرت نبوی ﷺ کے پیغام کا اہم ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ دور حاضر میں درپیش معاشی ومعاشرتی اور اخلاقی چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کیلئے ہمیں اپنی اجتماعی زندگی کو کامل ہدایت کے تابع سانچے میں ڈھالنا ہوگا۔ یہی ہماری اور آنے والی نسلوں کیلئے دنیا و آخرت میں نجات کا ذریعہ ہے۔ آج کا یہ مبارک دن ہمیں معاشرے میں اتحاد و یکجہتی، بین المسالک ہم آہنگی اور بین المذاہب احترام کے فروغ کی تاکید بھی کرتا ہے، کیونکہ باہمی اختلاف کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے مکالمے، برداشت اور باہمی احترام ہی اسوہ رسول ﷺ کے سنہری اصولوں کے مطابق ایک مضبوط اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج ہمیں درپیش چیلنجز کا مقابلہ بھی انہی سنہری اصولوں کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنا کر کیا جاسکتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی جمہوری ریاست ہے اور ہماری قومی شناخت اسلام کی امن، سلامتی، بھائی چارے اور انسانیت سے محبت کی تعلیمات سے جڑی ہوئی ہے۔ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے معاشرے میں نفرت، تعصب، انتہا پسندی اور تقسیم کے بجائے اتحاد، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، قبائل، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے۔ یہاں بسنے والے تمام شہری ہمارے لیے برابر ہیں۔ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات ہمیں انسانوں کے درمیان برابری، بھائی چارے اور حقوق کی ادائیگی کا درس دیتی ہیں۔ صوبے میں امن، بھائی چارے اور بین المذاہب و بین المسالک ہم آہنگی کا فروغ ہر سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود، امن وامان، تعلیم، صحت اور معاشی ترقی کیلئے اقدامات کررہی ہے۔ ریاستی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کمزور اور محروم طبقات کی ضروریات کو ترجیح دینا بھی سیرت النبی ﷺ کی بنیادی تعلیمات میں شامل ہے۔

10

یولیاں موصول ہوئیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر کوسٹڈی کے دائرہ کار اور مقاصد پر بریفنگ دی گئی جبکہ سٹڈی کی مدت اور طریقہ کار پر بھی اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا کہ وفاقی حکومت توانائی کے تحفظ کو قومی سلامتی سے منسلک سمجھتے ہوئے توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، توانائی کی فراہمی کو مستحکم بنانا اور بیرونی عوامل کے باعث پیدا ہونے والے سپلائی میں تعطل کے خطرات کو کم کرنا موجودہ حکومت کی اہم ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کے حالیہ بحران نے سپلائی میں ممکنہ تعطل کے خلاف ملکی بفرز اور توانائی کے تحفظ کو مضبوط بنانے کی ضرورت مزید اجاگر کردی ہے۔ سٹریٹجک پٹرولیم ذخائر کا اقدام ممکنہ سپلائی شاکس کیلئے ملک کی تیاری مضبوط بنانے کے طریقوں کا جائزہ لینے کی جانب اہم قدم ہے۔

11

شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت اجلاس کے دوران وزیراعظم شہباز شریف صدر پوٹن، صدر ژی، صدر پیزشکیان سمیت دیگر رہنماں کے ساتھ سنیچ شیئر کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف 2 ستمبر کو کرغزستان کا دوطرفہ دورہ بھی کریں گے۔ پاکستان بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کے سربراہی اجلاس کے اختتام کے بعد پہلی بار ایک سال طویل ایس سی او کی صدارت سنبھالے گا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان 2027 میں اسلام آباد میں ایس سی او سربراہان مملکت کا سربراہی اجلاس منعقد کرے گا۔

12

کو دوبارہ پٹڑی پر لانا تھا۔ اپنی رپورٹ میں بلومبرگ نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورہ ایران کی عالمی میڈیا پر بھرپور کوریج کی گئی۔ دوسری طرف غیر ملکی خبر ایجنسی رائٹرز کے مطابق دورے سے قبل فیلڈ مارشل عاصم منیر کی امریکی صدر ٹرمپ اور اعلیٰ امریکی حکام سے بات چیت ہوئی تھی۔ ادھر ایران نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے دورے کو انتہائی مثبت قرار دیا ہے، صدارتی دفتر سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا ایران کا دورہ انتہائی نتیجہ خیز رہا۔ بیان میں کہا گیا کہ فیلڈ مارشل کے دورے میں قابل قدر سفارتی کامیابیاں حاصل ہوئیں، فیلڈ مارشل کے دورے کے نتائج جلد ہی سامنے آنا شروع ہوجائیں گے۔ فیلڈ مارشل نے ایران میں صدر مسعود پزشکیان، سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل میں ایران کے رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای کے نمائندے محسن رضائی، ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقاتیں کیں۔

13

ضروری ہیں، پہلا یہ ہے کہ سیاسی سمجھوتے کو ترجیح دے کر مسئلے کا دوراستی حل نکالا جائے۔ چینی صدر کے مطابق دوسرا حل یہ کہ مغربی کنارے اور جنگ کے بعد کے غزہ میں رہنے والے فلسطینی عوام پر حکومت فلسطینی ہی کریں جب کہ تیسرا یہ کہ انسانی ہمدردی کے اصول کا خیال رکھا جائے اور شہریوں کی حفاظت کا انتظام کیا جائے۔ چینی صدر نے چوتھا مسئلہ بتاتے ہوئے مزید کہا کہ انصاف اور برابری کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

14

جنم دے رہی ہے۔ نیویارک میں ایشیا سوسائٹی پالیسی انسٹی ٹیوٹ کی ڈائریکٹر برائے جنوبی ایشیائی اقدامات فروا امین سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ 70 سال پرانا یہ معاہدہ دونوں ممالک کے درمیان متعدد جنگوں کے باوجود ہمیشہ ناقابل دست اندازی سمجھا جاتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ بھارتی حکومت نے یکطرفہ طور پر اسے التوا میں رکھا ہے جس سے ایک نیا چیلنج پیدا ہوا ہے اور شاید جدید تاریخ میں پہلی مرتبہ پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ احسن اقبال نے خبردار کیا کہ بھارت اب پاکستان کو فصلوں کی ضرورت کے وقت پانی روک سکتا ہے اور ایسے وقت میں پانی چھوڑ سکتا ہے جب اس کی ضرورت نہ ہو جس سے مشترکہ آبی وسائل کو دباؤ کے ایک ممکنہ ذریعے میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے دو سطحوں پر اقدامات کررہا ہے۔ پہلی سطح پر نئے آبی ذخائر کی تعمیر تیز کی جارہی ہے تاکہ ملک کے پاس پانی کا ایک سٹریٹجک بفر موجود ہو۔ دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز کی تکمیل کے بعد تقریباً 60 لاکھ ایکڑ فٹ اضافی پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش پیدا ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے تقریباً 40 سے 50 سال کے عرصے میں کوئی بڑا نیا آبی ذخیرہ تعمیر نہیں کیا، اس لیے ملک کو اس حوالے سے کافی کام تیزی سے مکمل کرنا ہوگا۔ ان منصوبوں کا مقصد موسمیاتی تبدیلی کے باعث پانی کی دستیابی میں پیدا ہونے والے اتار چڑھاؤ کو کم کرنا اور بالائی علاقوں سے پانی کے ممکنہ استعمال کو روکنے کے خطرے سے ملک کی حساسیت کم کرنا ہے۔ دوسری سطح پر پاکستان تنازع کو کشیدگی یا جنگ کی طرف جانے سے روکنے کیلئے تمام دستیاب سفارتی ذرائع استعمال کررہا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہم اسے نظر انداز نہیں کرسکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنوبی ایشیا پہلے ہی جنگوں کی تاریخ رکھتا ہے

15

کاری تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا اور ملاقات میں آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور دیگر اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ امریکی وفد نے کراچی انڈسٹریل پارک اور دیگر خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے امکانات کا بھی جائزہ لیا اور اس دوران پاکستان کے بڑھتے صنعتی اور مینوفیکچرنگ شعبے میں امریکی کمپنیوں کیلئے کاروباری مواقع کو اجاگر کیا گیا۔ ایس آئی ایف سی نے عالمی سرمایہ کاروں کیلئے سہولت کاری اور سازگار کاروباری ماحول کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کیا

16

کررہے ہیں، ایک تجویز ہے 10 روپے کے نوٹ کو ختم کریں اس کی لاگت زیادہ پڑتی ہے، ملک میں اب سب سے چھوٹا کرنسی نوٹ 20 روپے کا ہوگا۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت قائمہ مینٹی خزانہ کا اجلاس ہوا۔ چیئرمین مینٹی نے کہا کہ 2 سال پہلے ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک کو 5 ہزار روپے کے تین نوٹ دیئے تھے، تین نوٹوں میں سے ایک جعلی تھا اسٹیٹ بینک حکام جعلی نوٹ نہیں پکڑ سکے۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ اسٹیٹ بینک حکام نے 2 سال بعد 5 ہزار روپے کے تینوں نوٹ آج تک واپس نہیں کیے۔ چیئرمین مینٹی سلیم مانڈوی والا کے ریمارکس پر کمیٹی میں قہقہے لگ گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کنسلٹنٹ کو چھپائی کا کنٹریکٹ دے دیا گیا ہے، اسٹیٹ بینک دو سال سے نئے کرنسی نوٹ تیار نہیں کرسکا، اسٹیٹ بینک کا حال تو حکومت سے بھی برا ہے۔ اسٹیٹ بینک حکام نے کہا کہ ہزار کا نوٹ 20 سال پہلے بنایا تھا اب نیا نوٹ اگلے 20 سال کیلئے ڈیزائن کررہے ہیں، ایک تجویز ہے 10 روپے کے نوٹ کو ختم کریں اس کی لاگت زیادہ پڑتی ہے۔

17

صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں حکومت اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کررہی ہے، جبکہ قیام امن، عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی محکمہ بلدیات کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے، جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعاون اور رہنمائی سے محکمہ بلدیات صوبے کے مختلف علاقوں میں عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچیں اور شہری و دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنایا جائے

18

پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم میں 4,500 اور محکمہ خزانہ میں 111 آسامیوں پر بھی شفاف اور میرٹ پر بھرتیاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں 19 افسران کی حالیہ تقرریاں بھی اسی میرٹ پر مبنی پالیسی کا تسلسل ہیں۔ ان بھرتیوں میں وزیراعلیٰ بلوچستان کے آبائی ضلع سے ایک بھی امیدوار کا کامیاب نہ ہونا اس امر

4

اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کیلئے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی۔ غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی سے بچنے والے وسائل کو عوامی فلاح، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر تر قیاتی ترجیحات پر خرچ کیا جاسکے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے وزارتِ اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کی حالیہ تعیناتی اسی پالیسی کا عملی تسلسل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ کی سطح کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے اپنے ضلع ڈیرہ بگٹی سے بھی کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہوسکا۔ بھرتی کے پورے عمل میں کسی بھی ایگزیکٹو آفس سے کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا اور تقرریاں سو فیصد میرٹ پر عمل میں لائی گئیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میرٹ کو یقینی بنانے پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نورزئی اور پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیاں ہی نوجوانوں کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال کرنے کا مؤثر ذریعہ ہیں انہوں نے نومنتخب افسران سے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نوجوان افسران خلوص، محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ طے شدہ اہداف کے حصول کیلئے کام کریں۔ آئندہ مالی سال کے اہداف میں نمایاں بہتری کا حصول ان کا پہلا امتحان ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط اخلاص ہر سرکاری افسر کا طرہ امتیاز ہونا چاہیے۔ پاکستان ہی ہماری پہچان ہے اور فرائض کی انجام دہی میں ریاست کو ہر سطح پر مقدم رکھنا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کم کرنے کیلئے ہر سطح پر میرٹ کو فروغ دینا ہوگا میر نوکر کیسی کو مضبوط بنا کر ہی نوجوانوں اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد اور وابستگی کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان کو معاشی طور پر مستحکم اور اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے جامع اقدامات کررہی ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کو صوبے کا ایک مثالی، مؤثر اور فعال ادارہ بنایا جائے گا جو صوبے کے مالی استحکام میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا

5

مارشل عاصم منیر کے دورے میں اہم سفارتی کامیابیاں حاصل ہوئیں، فیلڈ مارشل کے دورے کے نتائج جلد ہی سامنے آنا شروع ہوجائیں گے۔ ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی کا بھی کہنا ہے کہ اعلیٰ ایرانی عہدے داروں سے پاکستانی حکام کی ملاقاتیں انتہائی خوشگوار اور مثبت ماحول میں ہوئیں۔ اس سے پہلے آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا تھا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران کے صدر مسعود پزشکیان اور دیگر اعلیٰ حکام سے ملاقاتوں میں ایران امریکا تنازع، مشرق وسطیٰ میں کشیدگی میں کمی، آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کے اقدامات اور علاقائی امن کیلئے تنازعات مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایرانی قیادت نے مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور تنازع کے پرامن حل میں سہولت کاری کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار اور مخلصانہ کوششوں کو سراہا۔

6

کو وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق اسکندر مومنی نے کہا کہ پاکستانی حکام کی ایرانی صدر اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ملاقاتیں خوشگوار اور تعمیری ماحول میں ہوئیں۔ ایرانی وزیر داخلہ کے مطابق ملاقاتوں کے دوران پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ دونوں جانب سے مختلف شعبوں میں باہمی تعاون بڑھانے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔ پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پیر کی رات تہران سے واپسی اختیار کی۔ دورے کے دوران دونوں پاکستانی حکام نے ایران کے صدر سمیت اعلیٰ ایرانی حکام سے اہم ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں پاکستان اور ایران کے باہمی تعلقات، دوطرفہ تعاون اور خطے کی مجموعی صورتحال سے متعلق امور زیر بحث آنے کی اطلاعات ہیں۔ ایرانی وزیر داخلہ کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ تہران نے پاکستانی حکام کے دورے کو مثبت پیش رفت کے طور پر دیکھا ہے۔ ایران اور پاکستان کے درمیان طویل عرصے سے مذہبی، ثقافتی، تجارتی اور سرحدی روابط موجود ہیں۔

7

پر ڈرون اور میزائل حملوں میں مسلسل اضافے کے پیش نظر فوری اور مکمل جنگ بندی کا مطالبہ دہراتے ہوئے فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ سفارت کاری کی طرف واپس آئیں اور خطے میں امن واستحکام کیلئے مذاکرات دوبارہ شروع کریں۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے گزشتہ روز یوکرین کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر سلامتی کونسل کے اجلاس میں بحث کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فریقین کی جانب سے مختلف محاذوں پر حملوں میں اضافے، ان کی شدت اور پیمانے پر تشویش کا اظہار کرتا ہے کیونکہ اس سے متاثرہ علاقوں میں لوگوں کی زندگیوں اور روزگار کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے 15 رکنی سلامتی کونسل کو بتایا کہ توانائی اور خوراک کی فراہمی سے متعلق اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی اطلاعات بھی انتہائی تشویشناک ہیں۔ ایسے حملوں سے عالمی سطح پر پہلے ہی کمزور غذائی اور توانائی کی سلامتی مزید متاثر ہوئی ہے اور اس کے اثرات جنگی علاقے سے باہر رہنے والے لوگوں تک بھی پہنچتے ہیں۔ یہ اجلاس سلامتی کونسل کے پانچ یورپی ارکان ڈنمارک، فرانس، یونان، لٹویا اور برطانیہ کی درخواست پر منعقد ہوا۔ اگست کیلئے سلامتی کونسل کی صدارت ڈنمارک کے پاس ہے اور اجلاس کی صدارت ڈنمارک کے وزیر خارجہ لارس لوکے راسموسن نے کی

8

اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں خطے کی مجموعی صورتحال اور امن واستحکام سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاک امریکا دوطرفہ تعاون اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بات چیت بھی کی گئی۔ ملاقات میں پولیس آفیسرز کے باہمی پروگرامز و ٹریننگ سے متعلق گفتگو کی گئی اور منظم جرائم، منشیات اور انسانی اسمگلنگ کے خلاف تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ امریکی ناظم الامور عطیلی بیکر نے خطے میں امن واستحکام کیلئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے مثبت سفارتی کردار کی تعریف کی۔

9

کی خدمت کا کامل نمونہ ہے اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ ہمیں اس عظیم ہستی کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی یاد دہانی کراتی ہے جنہوں نے انسانیت کو جہالت، ظلم اور ناانصافی کے اندھیروں سے نکال کر علم، عدل اور اخوت کی روشنی عطا کی۔ نبی کریم ﷺ نے معاشرے کے کمزور طبقات، یتیموں، مسکینوں، خواتین اور ضرورت مندوں کے حقوق کے تحفظ پر خصوصی زور دیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ ہمارے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ آپ ﷺ نے عدل و انصاف، دیانت داری، امانت، مساوات اور باہمی احترام کو معاشرے کی بنیاد بنایا۔ آج ہمیں درپیش چیلنجز کا مقابلہ بھی انہی سنہری اصولوں کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنا کر کیا جاسکتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ایک اسلامی جمہوری ریاست ہے اور ہماری قومی شناخت اسلام کی امن، سلامتی، بھائی چارے اور انسانیت سے محبت کی تعلیمات سے جڑی ہوئی ہے۔ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے معاشرے میں نفرت، تعصب، انتہا پسندی اور تقسیم کے بجائے اتحاد، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، قبائل، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے۔ یہاں بسنے والے تمام شہری ہمارے لیے برابر ہیں۔ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات ہمیں انسانوں کے درمیان برابری، بھائی چارے اور حقوق کی ادائیگی کا درس دیتی ہیں۔ صوبے میں امن، بھائی چارے اور بین المذاہب و بین المسالک ہم آہنگی کا فروغ ہر سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود، امن وامان، تعلیم، صحت اور معاشی ترقی کیلئے اقدامات کررہی ہے۔ ریاستی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کمزور اور محروم طبقات کی ضروریات کو ترجیح دینا بھی سیرت النبی ﷺ کی بنیادی تعلیمات میں شامل ہے۔

2

جانب سے دلی احترام اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے دونوں برادر ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کے مختلف امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ سعودی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کے وژن کے مطابق پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو باہمی مفاد پر مبنی سٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے اس حوالے سے وزیراعظم نے شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کے پاکستان کے سابقہ دوروں کا بھی ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کا موجودہ دورہ گزشتہ بات چیت کو آگے بڑھانے اور مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کی راہ ہموار کرے گا۔ شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے زراعت، بندرگاہوں، شاہراہوں، ہوائی اڈوں کی آڈٹ سورسنگ، ریئل اسٹیٹ، توانائی، بجلی کی تقسیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے ان ترجیحی شعبوں میں سعودی سرمایہ کاری کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ تعاون، خواہ حکومت سے حکومت (جی ٹو جی) ہو یا کاروبار سے کاروبار (بی ٹو بی) کیلئے یہ بہترین اور موزوں ترین وقت ہے۔ شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کے ساتھ کاروباری روابط کو مزید گہرا کرنے میں سعودی حکومت اور سعودی کاروباری برادری کی مسلسل دلچسپی کا اعادہ کیا

3

ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دوطرفہ سائنسی وٹیکنیکی تعاون کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان سائنس فاؤنڈیشن پاکستان اور بیلاروس کے دو مشترکہ تحقیقی منصوبوں کی فنڈنگ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سائنس وٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کیلئے دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ کمیشن پہلے ہی قائم ہے، جس کے تحت باہمی تعاون کو مزید وسعت دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی وتحقیقی منصوبوں پر عملی پیش رفت تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفراسٹرکچر اور حلال سرٹیفکیشن کے شعبوں میں تعاون بھی مزید مضبوط کیا جارہا ہے۔ خالد حسین بھٹی نے کہا کہ زرعی مصنوعات کیلئے مارکیٹ تک رسائی کے سلسلے میں بھی پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تعاون جاری ہے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور اقتصادی روابط کو مزید فروغ ملے گا۔

1

پر مشتمل ایک عملی ومثالی ضابطہ حیات کا پیغام ایزدی عالم انسانیت تک پہنچایا، پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال، پرامن اور فلاحی ریاست بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے۔ منگل کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے 12 ربیع الاول 1448ھ کے بابرکت موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ اللہ تعالیٰ کا بے انتہا احسان ہے کہ اپنے محبوب نبی آخری الزماں حضرت محمد ﷺ کو تمام جہان

صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

عبدالحفیظ جھکرانی کا رات کے وقت شہر کے مختلف حساس اور اہم مقامات کا سرپرائز دورہ

شہر کی چوراہوں اور داخل وخارج کے راستوں پر مشکوک افراد اور غیر قانونی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں امن وامان کی فضا کو بحال رکھنے اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ایس پی پولیس ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جھکرانی نے رات کے وقت شہر کے مختلف حساس اور اہم مقامات کا سرپرائز دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے گشت پر مامور اہلکاروں کی حاضری، ناکہ بندیوں اور سکیورٹی کے مجموعی نقل وحرکت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے موقع (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ باسعادت پوری انسانیت کیلئے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، ظہور بلیدی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے 12 ربیع الاول، عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر پوری امتِ مسلمہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ باسعادت پوری انسانیت کیلئے اللہ تعالیٰ (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ باسعادت پوری انسانیت کیلئے عظیم نعمت اور رحمت کا پیغام ہے

ہم نبی کریم ﷺ کی سیرت و کردار کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں گے، صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے 12 ربیع الاول، جشنِ میلاد النبی ﷺ کے موقع پر امتِ مسلمہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ باسعادت پوری انسانیت کیلئے عظیم نعمت اور رحمت کا پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔ آپ ﷺ نے محبت، اخوت، (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

ہرنائی، جرائم پیشہ عناصر اور سارقین کیخلاف جاری مہم کے دوران بڑی کامیابی

پولیس کے اس اقدام سے نہ صرف شہریوں کے مال واسباب کا تحفظ یقینی ہوا ہے، ڈسٹرکٹ پولیس ہرنائی

ہرنائی (خ ن) ڈسٹرکٹ پولیس ہرنائی نے جرائم پیشہ عناصر اور سارقین کے خلاف جاری مہم کے دوران ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے سال 2023ء میں چوری ہونے والا ٹریکٹر برآمد کر لیا ہے۔ پولیس کی اس بروقت اور موثر کارروائی سے علاقے کے شہریوں اور خصوصاً نجی وزراعت سے وابستہ حلقوں میں اطمینان کی لہر دوڑ گئی ہے ایس پی پولیس ہرنائی، انجینئر (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی مشیر بلدیات ودیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے نیشنل پارٹی کی رکن اسمبلی کلثوم نیاز ملاقات کر رہی ہیں

عبداللہ جان کا گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول طورخان کا دورہ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر موسیٰ خیل عبداللہ جان نے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول طورخان کا دورہ کیا اور تعلیمی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انھوں نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کیا اور تدریسی عمل کا جائزہ لیا طالب علموں سے نصابی سوالات کیے اور ان (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

محمد سلیم ترین علاقے کے پیچیدہ قبائلی اور عوامی مسائل سے نہ صرف بخوبی واقف ہیں، صاحب جان ترین

ہرنائی (خ ن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان (ہرنائی) کے ایک اہم وفد نے ضلعی صدر صاحب جان ترین اور سرپرستِ اعلیٰ صالح محمد بنگلزئی کی قیادت میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین سے ان کے دفتر میں ایک خاص ملاقات کی، جس میں اسسٹنٹ کمشنر کھوست محمد اسرار شاہوانی بھی موجود تھے۔

مولانا ہدایت الرحمٰن کی قیادت میں 29 اگست دھرنے کے اعلان کیساتھ ہی ہر سطح پر تیاریاں شروع

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان کے سلگتے اجتماعی وقومی مسائل، بدامنی، بدعنوانی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش، مہنگائی اور عوام کو درپیش دیگر مشکلات کے خلاف 29 اگست کو گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سامنے دھرنے واحتجاج کی (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

سیرتِ طیبہؐ پوری انسانیت کیلئے ہدایت، رحمت، عدل، امن اور کامیاب زندگی کا مکمل نمونہ ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

آج امتِ مسلمہ اور خصوصاً ہمارے معاشرے کو سیرت النبیؐ سے حقیقی رہنمائی لینے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ سیرتِ طیبہؐ پوری انسانیت کیلئے ہدایت، رحمت، عدل، امن اور کامیاب زندگی کا مکمل نمونہ ہے۔ موجودہ دور کے تمام مسائل کا حل سیرتِ رسول اکرمؐ کی تعلیمات پر عمل، قرآن سے وابستگی اور اپنے انفرادی واجتماعی کردار کی اصلاح میں ہے۔ طلباء وطالبات اساتذہ سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگوں کو سیرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالعہ اور اس پر عمل کرنا چاہیے۔

اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ویکسینیشن شیر زمان کا تحصیل درگ کی مختلف یونین کونسلز کا تفصیلی دورہ

آر ایچ سی درگ بنیادی مراکز صحت کرکنہ اور گرگوجی کا خصوصی معائنہ کیا گیا

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر خان ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ ویکسینیشن گل داد جعفر اور اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ ویکسینیشن شیر زمان نے تحصیل درگ کی مختلف یونین کونسلز کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دوران آر ایچ سی درگ بنیادی مراکز صحت کرکنہ اور گرگوجی کا خصوصی معائنہ کیا گیا۔ دورے کا مقصد EPI سائٹس پر عملے کی حاضری، آئی ایل آر کی میٹینینس، ویکسین (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)



جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شریک ہیں

مسلم لیگ نواز اور عوامی بڑیچ پینل ان کے شانہ بشانہ ساتھ رہے گی، رمضان سالرئی

ملک محمد رمضان سالرئی عوامی بڑیچ پینل کے سینئر رہنماء وقد آور شخصیت اور سائندھک کے مقامی باشندے ہیں

چاغی (نامہ نگار علی احمد) مسلم لیگ نواز ڈسٹرکٹ چاغی اور عوامی بڑیچ پینل کے جاری کردہ مشترکہ پریس ریلیز کہا گیا ہے کہ ملک محمد رمضان سالرئی عوامی بڑیچ پینل کے سینئر رہنماء وقد آور شخصیت اور سائندھک کے مقامی باشندے ہیں لہذا اگر وہ اپنے بنیادی اور جائز حقوق کیلئے آواز بلند کرتے ہیں تو یہ ان کا آئینی حق بنتا ہے ان کی آواز کو (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

چھتر، مشہور ڈکیٹ گینگ کا سربراہ صابر شاہ عرف صابو شاہ ہلاک، 4 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) لسبیرآباد کے علاقے چھتر تجی میں دو قبائل کے درمیان 24 گھنٹوں سے بھاری ہتھیاروں سے فائرنگ کے تبادلے میں مشہور ڈکیٹ گینگ کا سربراہ صابر شاہ عرف صابو شاہ ہلاک جبکہ 4 افراد زخمی ہوگئے

کمشنر خضدار سے ڈاکٹر ارشاد احمد کی قیادت میں وفد کی ملاقات

جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کا شہر میں پولیس لائن کے ساتھ واقع ہاسٹل سولر سسٹم پر منتقل کیا جائے گا

خضدار (خ ن) کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی سے جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کے پرنسپل ڈاکٹر ارشاد احمد کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں کالج کی موجودہ صورتحال اور درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پرنسپل جے ایم سی ڈاکٹر ارشاد احمد نے کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی کو جھالاوان میڈیکل کالج خضدار کی تعلیمی کارکردگی اور جاری پیش رفت وطلباء کو درپیش تعلیمی اور انتظامی مسائل سے بھی آگاہ کیا۔ ڈاکٹر ارشاد احمد (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو زرداری کی قوم سمیت پوری امت مسلمہ کو ربیع الاول کی مبارکباد

کراچی/اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے 12 ربیع الاول 1448ھ کے بابرکت موقع پر قوم سمیت پوری امت (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے سابق گورنر بلوچستان جنرل (ر) عمران اللہ خان کی وفات پر اپنے تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ جنرل (ر) عمران اللہ خان ایک باوقار، مدبر، نفیس اور قابلِ احترام شخصیت کے مالک تھے انہوں نے کہا کہ مرحوم جنرل (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

جونیئر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بھاگ کو ہٹا کر گریڈ 18 کے سینئر آفیسر کو تعینات کیا جائے، مشترکہ بیان

موجودہ ڈی ڈی او ای بھاگ اساتذہ کے جائز کاموں میں رکاوٹ ہیں جو باعث تشویش ہے

بھاگ (پ ر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن۔ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی تحصیل بھاگ کے رہنماؤں نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے اس امر پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل بھاگ میں اہم تعلیمی پوسٹ پر جونیئر آفیسر براجمان ہے جو اساتذہ کرام کے روز مرہ کے جائز کاموں کو بلاوجہ روک کر اساتذہ کرام کی مشکلات میں اضافہ (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

کیچ اور گوادر کی تقریباً 180 طالبات کو بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے تحت بیوٹیشن تربیتی پروگرام

52 ہزار روپے فی طالبہ منتقل کیے جانے کے بعد مبینہ طور پر مختلف رقوم واپس طلب کرنے کا انکشاف

تربت (این این آئی) ضلع کیچ اور گوادر کی تقریباً 180 طالبات کو بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے تحت بیوٹیشن تربیتی پروگرام میں 52 ہزار روپے فی طالبہ منتقل کیے جانے کے بعد مبینہ طور پر مختلف رقوم واپس لینے کے مطالبے نے طالبات اور عوامی حلقوں میں تشویش پیدا کر دی ہے۔ طالبات کے مطابق تربیتی پروگرام کے آغاز سے قبل انہیں بتایا گیا تھا کہ رہائش، (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

الف آئی پی وی/او پی وی پولیو کمپین کے حوالے سے اہم ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ایسٹ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت الف آئی پی وی/ او پی وی پولیو کمپین کے حوالے سے اہم ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں 31 اگست سے شروع ہونے والی پولیو مہم کے دوران اسکولوں اور مدارس میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے اور ویکسین پلانے کے حوالے سے انتظامات اور حکمتِ عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔



کوئٹہ، عید میلاد النبی ﷺ کی آمد کے موقع پر لیاقت بازار جلوس کے راستے میں آنیوالی دوکانوں کو سیل کیا ہوا ہے

جعفر آباد، ماں کے دودھ کی اہمیت، افادیت اور نومولود بچوں کی بہتر صحت ونشوونما کے حوالے سے آگاہی سیمینار

ماں کا دودھ قدرت کی جانب سے نومولود بچے کیلئے بہترین تحفہ ہے، ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان

جعفر آباد (خ ن) جعفر آباد میں ماں کے دودھ کی اہمیت، افادیت اور نومولود بچوں کی بہتر صحت و نشوونما کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان تھے۔ سیمینار میں محکمہ صحت کے افسران، مختلف سرکاری محکموں کے نمائندگان، طبی ماہرین، خواتین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار کے دوران مقررین نے ماں کے دودھ کو بچے کیلئے قدرتی، مکمل اور بہترین غذا قرار دیتے ہوئے اس کے طبی فوائد اور بچوں کی جسمانی وذہنی نشوونما میں اس کے اہم کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ ماں کا (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

جامعہ تربت میں دوسری سیرت النبیؐ کانفرنس کا انعقاد

معاشرتی عدل وانصاف، مذہبی ہم آہنگی، میرٹ کی پاسداری اور نئی نسل کو اسوہ حسنہ سے روشناس کرانے پر زور

تربت (نامہ نگار) جامعہ تربت کے ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹس افیئرز کے زیر اہتمام بارہ ربیع الاول کی مناسبت سے دوسری سیرت النبیؐ کانفرنس منعقد ہوئی، جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے کی۔ کانفرنس میں طلبہ، اساتذہ اور انتظامی عملے نے عقیدت واحترام کے ساتھ بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

جامعہ تربت کے ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹس افیئرز کے زیر اہتمام بارہ ربیع الاول کی مناسبت سے دوسری سیرت النبیؐ کانفرنس سے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کمپلیکس ہرنائی میں ایک پروقار کھلی کچہری

ہرنائی (خ ن) ضلعی انتظامیہ ہرنائی کی جانب سے عوام الناس کے درپیش مسائل کی براہِ راست شنواہٹ اور ان کے فوری تدارک کیلئے 'ڈپٹی کمشنر کمپلیکس ہرنائی' میں ایک پروقار کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری کی صدارت ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے کی۔

ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی کا بی ایچ یو بیہرا اور بی ایچ یو ڈام کا مانیٹرنگ دورہ

حب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو صحت کے سہولیات ان کے دہلیز تک پہنچانے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بی ایچ یو بیہرا اور بی ایچ یو ڈام کا مانیٹرنگ دورہ کیا، جہاں انہوں نے بنیادی مراکز صحت کی (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے تمام ونگز اور سیکشنز کا اجلاس

محکمہ بلدیات و دیہی ترقی سے مطلوبہ محکمانہ پریزینٹیشن کو حتمی شکل دی گئی

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ بلدیات و دیہی ترقی بلوچستان عبدالرؤف بلوچ کی زیر صدارت محکمہ بلدیات ودیہی ترقی کے تمام ونگز اور سیکشنز کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ کی مجموعی کارکردگی، گزشتہ اور موجودہ مالی سال کے اہداف، ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور، افرادی قوت، اضلاع میں محکمانہ موجودگی اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بورڈ شجاعت علی بلوچ، چیف افیسر میٹر پولیٹین کوئٹہ نظر زہری، ٹاؤن جنید فوکل (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے بھرتیوں کے پورے عمل میں میرٹ کو اولین ترجیح دی، عبداللہ نورزئی

سرکاری ملازمتیں صرف میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے تحت اہل امیدواروں کو فراہم کی جائیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے چیئرپرسن عبداللہ خان نورزئی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں بھرتیوں اور تعیناتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ، شفافیت اور انصاف کے اصولوں کے مطابق انجام دیا گیا ہے۔ اتھارٹی میں اعلیٰ تعلیم یافتہ اور باصلاحیت انسانی وسائل کی شمولیت سے ٹیکس وصولی کے نظام کو مزید مؤثر، جدید اور شفاف بنانے میں مدد ملے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

سیرتِ طیبہؐ پوری انسانیت کیلئے ہدایت، رحمت، عدل، امن اور کامیاب زندگی کا مکمل نمونہ ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

آج امتِ مسلمہ اور خصوصاً ہمارے معاشرے کو سیرت النبیؐ سے حقیقی رہنمائی لینے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ سیرتِ طیبہؐ پوری انسانیت کیلئے ہدایت، رحمت، عدل، امن اور کامیاب زندگی کا مکمل نمونہ ہے۔ موجودہ دور کے تمام مسائل کا حل سیرتِ رسول اکرمؐ کی تعلیمات پر عمل، قرآن سے وابستگی اور اپنے انفرادی واجتماعی کردار کی اصلاح میں ہے۔ طلباء وطالبات اساتذہ سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگوں کو سیرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالعہ اور اس پر عمل کرنا چاہیے۔

چاغی ایک شخص کی لاش برآمد

دالبندین (این این آئی) چاغی کے علاقے شے سالار سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ مقتول کو گولی مار کر قتل کر دیا تھا پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت صدام ولد قادر بخش سکنہ شے سالار چاغی کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے کے حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔

موجودہ دور میں امت مسلمہ کو اتحاد واتفاق کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے، میر جان محمد جمالی

اوستہ محمد (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کیلئے عظیم نعمت اور اللہ تعالیٰ کا خصوصی انعام ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی سربراہی میں کھلی کچہری، عوامی مسائل سنے گئے

ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں)) بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی سرپرستی میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایف سی کے میجر کامران نے خصوصی شرکت کی۔ کھلی کچہری میں عوام، سول سوسائٹی اور مختلف سرکاری محکموں کے افسران ونمائندگان نے شرکت کی۔ شہریوں نے اپنے درپیش مسائل اور مشکلات سے اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کو آگاہ کیا، جنہوں نے (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق کمشنر کوئٹہ شاہ زیب خان کا تبادلہ کر کے انہیں سیکرٹری پی ایچ ای جبکہ ان کے پیش رو محمد ہاشم غلزئی کو سیکرٹری کالجز ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر سوئی منصور علی شاہ نے اپنے نئے عہدے کا چارج سنبھال لیا

سوئی/ساؤتھ ڈیرہ بگٹی (خ ن) سیوی سے تبادلے کے بعد اسسٹنٹ کمشنر سوئی منصور علی شاہ نے اپنے نئے عہدے کا چارج سنبھال لیا اور باقاعدہ طور پر فرائض منصبی کی ادائیگی کا آغاز کر دیا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل، سرکاری امور کی (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

گرلز ایجوکیشن کی بہتری میں محترمہ فوزیہ درانی کی خدمات قابلِ تحسین، تبادلہ منسوخ کیا جائے: اہلیانِ لورالائی

محترمہ فوزیہ درانی کی کارکردگی اور خدمات کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جائے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) اہلیانِ لورالائی نے سیکرٹری تعلیم بلوچستان لال جان جعفر سے پرزور اپیل کی ہے کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جمیل لورالائی محترمہ فوزیہ درانی کے تبادلے کے احکامات پر نظر ثانی کرتے ہوئے ان کا ٹرانسفر فوری طور پر منسوخ کیا جائے، کیونکہ ان کی تعیناتی کے دوران ضلع میں گرلز ایجوکیشن کے شعبے میں متعدد مثبت اقدامات دیکھنے (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

12 ربیع الاول 1448ھ کی پُرنور اور بابرکت مناسبت سے ایک پروقار نعتیہ محفل ومشاعرہ

نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ ہمارے لیے مکمل ضابطِ حیات ہے، جوہر بنگلزئی

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان رائیٹرز فورم کے زیرِ اہتمام بلوچستان کے آٹھ ادبی تنظیموں کے اشتراک سے 12 ربیع الاول 1448ھ کی پُرنور اور بابرکت مناسبت سے ایک پروقار نعتیہ محفل ومشاعرہ منعقد ہوا۔ روح پرور محفل کا انعقاد پروفیسر جوہر بنگلزئی کی رہائش گاہ، کلی چلتن، حاجی احمد بخش لہڑی اسٹریٹ کوئٹہ میں کیا گیا، جس میں نامور شعراء، ادباء اور اہلِ ذوق نے شرکت کی۔ محفل کی صدارت براہوئی زبان کے معروف شاعر و ادیب استاد صابر ندیم قادری نے کی (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

بے گناہ مزدوروں کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جانا چاہیے، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

واقعے میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، سابق صوبائی وزیر ورکن اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر ورکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے ضلع پشین کے علاقے سرانان میں نہتے مزدوروں کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ محنت کشوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت سوز اقدام ہے۔ بے گناہ مزدوروں کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جانا چاہیے اور واقعے میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

کثرت سے درود وسلام بھیجنا حضور ﷺ سے سچی محبت اور عقیدت کا عملی اظہار ہے، صادق عمرانی

12 ربیع الاول کا دن ہمیں اپنی زندگیوں کو آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ اور تعلیمات کے مطابق ڈھالنے کا درس دیتا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن وپارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے 12 ربیع الاول کے مبارک دن اپنے پیغام میں کہا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد دراصل بنی آدم اور پوری کائنات کو اس کے اصل روح کے مطابق چلانا اور دوام بخشنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وجہ کائنات کا شرف بخشتے ہوئے ان کی حیات (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

صوبے کے تمام حلقوں میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی کام ہو رہے ہیں، حاجی خان محمد بڑیچ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماؤں حاجی خان محمد بڑیچ، میر ثناء اللہ جنگ، اختر بلوچ، شاہجہان گجر، زبیر بڑیچ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت عوام کے (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

جانان بڑیچ کی فی الفور بازیابی عمل میں لائی جائے، میر عرض محمد بڑیچ

میونسپل کمیٹی نوشکی کے کونسلر جانان بڑیچ کی فی الفور بازیابی کو یقینی بنائی جائے

دالبندین (نامہ نگار علی احمد) مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر وعوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے میونسپل کمیٹی نوشکی کے جنرل کونسلر جانان بڑیچ کی بازیابی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کونسلر جانان بڑیچ ایک غیر متنازعہ شخصیت ہیں ان کے کسی بھی تنظیم سے کوئی وابستگی نہیں اور نہ کوئی کاروباری لین دین اور نہ ہی قبائلی جھگڑا۔ وہ ایک عوامی وسماجی رہنماء (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

عوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ جنرل کونسلر جانان بڑیچ کی بازیابی کے حوالے سے میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

پی پی ایچ آئی ڈسٹرکٹ آفس سیوی میں ماہانہ جائزہ اجلاس

عوام کو معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے

سیوی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی ڈسٹرکٹ آفس سیوی میں ماہانہ جائزہ اجلاس (MRM) منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے بنیادی مراکزِ صحت (BHUs) کی کارکردگی، صحت کی سہولیات کی فراہمی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول پسنی میں سیرت النبیؐ کے موضوع پر پروقار اور روح پرور تقریب

نبی کریم ﷺ کی مبارک زندگی پوری انسانیت کیلئے ہدایت اور اسوہ حسنہ کا بہترین نمونہ ہے

پسنی (خ ن) محکمہ تعلیم ضلع گوادر کے زیر اہتمام گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول پسنی میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر پروقار اور روح پرور تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمانِ خاص رکنِ صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گوادر زاہد حسین تھے۔ تقریب میں طلباء و طالبات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی تقریب میں پسنی کے تمام سرکاری ونجی تعلیمی اداروں سمیت اورماڑہ کے مختلف اسکولوں کے طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ طلبہ نے حمد، نعتِ رسولِ مقبول اور سیرتِ (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نومنتخب افسران کو تقرر نامہ دے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر بارکھان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

ضلع بھر کے تمام سرکاری سکولوں کی روزانہ کی بنیاد پر مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے، سعید الرحمٰن کاکڑ

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بارکھان، خزانہ آفیسر، انچارج آر ٹی ایس ایم، ڈپٹی ڈی ای اوز اور یونین کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر بارکھان کو ضلع بھر کے سرکاری سکولوں کی صورتحال، اساتذہ کی حاضری اور تعلیمی امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سعید الرحمٰن کاکڑ نے مسلسل (بقیہ 32 صفحہ 3